فوری ریلیز کے لیے: 12/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک فیشن ویک کے دوران فیشن کے اختراعی مرکز کے لیے 10$ ملین کی فنڈنگ کا اعلان***

***مرکز لباس کی ٹیکنالوجیوں اور فیشن انڈسٹری کے استعمال کے لیے نیو یارک اسٹیٹ ٹیکسٹائل کی پائیدار ترقی میں معاونت کرے گا***

***ریاست کے جنوبی حصے کی زراعت اور شمالی حصے کی فیشن کی صنعتوں کو آپس میں منسلک کرنے کے لیے زیادہ پائیدار مستقبل پر توجہ مرکوز کرنے والا ایک مادی سنٹر قائم کرے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج فیشن کے اختراعی مرکز کے لیے 10$ ملین کی ریاستی فنڈنگ کا اعلان کیا، جو نیو یارک ریاست میں تیار کردہ سمارٹ اور پائیدار ٹیکسٹائلز کو استعمال کرنے کے لیے ایک اشتراکی طریقۂ کار کو فروغ دے گا۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کنسورشیم کی زیر قیادت فیشن کے ایک اختراعی مرکز ( Fashion Innovation Center, FIC) کی تشکیل کی قیادت کرے گی، جو ریاست نیو یارک کی یونیورسٹیوں، فارموں، فیشن انڈسٹری کے رہنماؤں، اور بلامنافع کام کرنے والی تنظیموں کی مہارت کو بروئے کار لائے گا۔ FIC فیشن انڈسٹری کی ضروریات کو پورا کرنے، دھاگے کے لیے ریاست نیو یارک میں پیدا کردہ فصلوں کو استعمال کرنے، اور ایسی کاشتکاری ٹیکنالوجی پر توجہ مرکوز کرے گا جو فیشن اور ٹیکسٹائل کی صنعتوں میں لباس کی ٹیکنالوجیوں کے ذریعے پائیداری اور جدت کو آگے بڑھاتی ہے۔ FIC میں ایک پائیدار فیشن انوویشن سنٹر ایکسلریٹر بھی شامل ہو گا، جو سمارٹ اور پائیدار متبادلات کی تخلیق پر توجہ مرکوز کرے گا جو بڑے پیمانے پر صنعت کے مسائل کو حل کرتے ہیں، سبز ملازمتیں پیدا کرتے ہیں، ریاست سے حاصل شدہ ٹیکسٹائل کو فروغ دیتے ہیں، اور پائیدار فیشن کی معاونت کرتے ہیں۔

گورنر Hochul نے نیو یارک فیشن ویک کے دوران نئے FIC کا اعلان کیا، جو 7 ستمبر سے 14 ستمبر تک جاری رہے گا۔ صنعت گیر تقریب کے اعتراف میں، گورنر نے نیو یارک سٹی میں کوچ فیشن شو میں شرکت کی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "دنیا کے فیشن کے دارالحکومت کے طور پر، نیو یارک اس عروج پاتی ہوئی صنعت کو مزید اختراعی اور زیادہ پائیدار بنانے کے لیے جدید ترین حل فراہم کرنے کے لیے موزوں ترین ہے۔ فیشن کا اختراعی مرکز فیشن، زراعت اور دیگر صنعتوں میں تعاون کو فروغ دے گا تاکہ ہمارے ماحولیاتی اثرات کو کم کیا جا سکے، فضلے کو محدود کیا جا سکے اور ریاست نیو یارک میں مواقع پیدا کیے جا سکیں"۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "زراعت ریاست نیویارک کی معیشت کا ایک اہم جزو ہے اور چونکہ فیشن انڈسٹری زیادہ پائیدار مستقبل کی طرف بڑھ رہی ہے، ہمیں زراعت اور فیشن کی صنعتوں کو منسلک کرنے کے مواقع سے لازماً فائدہ اٹھانا چاہیے جو دونوں ہی ہماری ریاست کے مستقبل کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ فیشن کا نیا اختراعی مرکز ریاست نیو یارک کو مقامی طور پر پیدا ہونے والے پائیدار ریشوں کو فروغ دینے، ملازمتوں میں اضافے، اور گورنر Hochul کے قومی سطح کے آب و ہوا کے اہداف کو حاصل کرنے میں مدد کرے گا"۔

**ریاست نیو یارک کے زرعی کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "مقامی طور پر تیار کردہ ٹیکسٹائل، اور ان کو بنانے والے کسان، نیویارک کی زراعت کا ایک اہم جزو ہیں۔ ہم پرجوش ہیں کہ فیشن کے اختراعی مرکز کی جانب سے ریاست نیو یارک کے کسانوں اور دھاگہ اور کپڑا تیار کرنے والے مینوفیکچررز کو فروغ دینا ماحولیاتی پائیداری پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہماری ریاستی معیشت اور مقامی افراد کی مدد کرتا ہے – جو سب کی جیت ہے"۔

عالمی سطح پر، فیشن اور ٹیکسٹائل کی صنعت سالانہ 1.2 بلین ٹن گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں حصہ ڈالتی ہے – جو مجموعی طور پر تمام بین الاقوامی پروازوں اور سمندری جہاز رانی سے زیادہ ہے۔ اس کی وجہ قدرتی تیل پر بہت زیادہ انحصار، رسدی سلسلوں کا یکجا نہ ہونا، اور مصنوعات کی معیاد ختم ہونے پر ان کو ضائع کرنے کا نامناسب طریقہ ہے۔ نئی ٹیکنالوجیاں اور مواد کی تیاری کے طریقے زیادہ "سمارٹ" اور "پائیدار" فیشن کے امکانات پیش کرتے ہیں، اور نیو یارک کے فارم فی الحال ضروری خام مال تیار کرتے ہیں، جیسے لینن، پٹ سن، کپاس، اور بھنگ جو ایسے کپڑے میں تبدیل ہو سکتے ہیں جو بڑے پیمانے پر ان اطلاقات میں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

پائیدار ٹیکسٹائل فیشن کا مستقبل ہیں، اور ریاست نیو یارک ان مواد کی ماحولیاتی طور پر ذمہ دارانہ پیداوار میں راہنمائی کرنے کے لیے تیار ہے۔ سمارٹ ٹیکسٹائل ایک جدید صنعت ہے جس میں کھلاڑیوں سے لے کر ابتدائی امدادی کارکنان اور طبی پیشہ ور افراد تک بے شمار پیشوں کے لیے اطلاقات ہیں۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع کا ڈویژن کنسورشیم کو منتخب کرنے کے لیے تجاویز کی درخواست جاری کرے گا، جس میں یونیورسٹیاں، کاروبار، کسان، فیشن انڈسٹری کے رہنما، اور بلامنافع کام کرنے والے ادارے شامل ہوں گے۔ ایکسلریٹر، جو FICکے اندر ہی موجود ہے، میدان میں امید افزا پیش رفت پر کام کرنے والی ابتدائی مرحلے کی کمپنیوں کو جگہ فراہم کرے گا، جو کمرشلائزیشن کے لیے مضبوط امیدوار ہیں اور انہیں صنعتی شراکت داروں کے حقیقی مسائل کو حل کرنے کا مشکل کام سونپ کر آزمایا جا سکتا ہے۔

FIC صنعت کی مشکلات اور مواقع سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرنے والے منصوبوں کی تلاش، جائزہ اور نگرانی کرے گا، جن میں ریاست نیو یارک کی فصلوں اور موادی ان پُٹس استعمال کرنے والوں، اور کاشتکاری ٹیکنالوجی کو ترجیح دی جائے گی جو فیشن اور ٹیکسٹائل کی صنعت میں پائیداری کو تیز کرتی ہے۔ ایک مسابقتی عمل کے ذریعے، FIC فیشن کی صنعت میں ریاست نیو یارک کے چھوٹے کاروباروں کو گرانٹ فنڈنگ فراہم کرے گا، جو صنعت کے رہنماؤں اور اختراعات اور معاون منصوبوں کے درمیان ایک اہم تعلق کی پیشکش کرے گا جن کا مقصد صنعت کی پائیداری کو بہتر بنانا ہے۔

**ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا،** "پائیدار ٹیکسٹائل نہ صرف فیشن کا مستقبل ہیں بلکہ ایک نشوونما پاتی ہوئی کھیت تا کپڑا صنعت کا مستقبل ہیں جس کی رہنمائی نیو یارک کے دھاگہ پیدا کرنے والے چھوٹے کسان پہلے ہی کر رہے ہیں۔ نیو یارک فیشن ویک میں اس دلچسپ نئے اختراعی مرکز اور صنعت کو پیدا کرنے والے قانون سازی کے لیے معاونت کے ساتھ، جیسا کہ میرا بل، نیویارک ٹیکسٹائل ایکٹ (S8741A)، ہم نیو یارک کو ہر شعبے، جس میں کپڑے کی ضرورت ہے، میں استعمال کے لیے ماحول دوست ٹیکسٹائل کا پاور ہاؤس پروڈیوسر بنا سکتے ہیں۔ نیو یارک کی گھریلو ٹیکسٹائل کی صنعت کو بڑھانا ہماری معیشت اور موسمیاتی بحران کے خلاف ہماری لڑائی کے لیے ایک واضح ہوم رن ہے، اور میں گورنر Hochul کا مزید پائیدار مستقبل کی تعمیر میں شراکت کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں"۔

**رکنِ اسمبلی Carrie Woerner نے کہا،** "میں ٹیکسٹائل ایکٹ کے ان عناصر کو عملی جامہ پہناتے ہوئے بہت خوش ہوں۔ تخلیقی صلاحیتوں اور ٹیکنالوجی کے ادغام اور دھاگے اور فیشن کے امتزاج میں بہت زیادہ صلاحیت موجود ہے۔ نیو یارک کے پاس اس منصوبے کے ہر پہلو کے لیے وسائل موجود ہیں جن میں کسانوں، اختراع کاروں، اور فیشن کے بنیادی ڈھانچے شامل ہیں۔ میں گورنر Hochul کے فیشن کے اختراعی مرکز کے قیام کو سراہتی ہوں"۔

**رکنِ اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "ہم نے کچھ عرصے سے نیو یارک میں تیار کردہ بھنگ اور جانوروں کے ریشے سے تیار ہونے والے کپڑے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے کام کیا ہے۔ اس صنعت میں کتنے مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں اس کے بارے میں ایک حقیقی جوش و خروش پایا جاتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ان کو درپیش

بہت سی مشکلات سے نمٹنے کی حقیقی ضرورت ہے۔ میں گورنر، اور اپنے ساتھیوں کا اس نئے مرکز میں دلچسپی لینے اور اس کے ساتھ وابستگی کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔ اور خاص طور پر رکنِ اسمبلی Carrie Woerner کا جو ہماری اسمبلی کی زرعی کمیٹی میں "کھیت سے فیشن تک" کی مضبوط حامی ہیں"۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نیویارک کی اقتصادی ترقی کی اہم ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD مقامی خطہ جاتی ترقیاتی کاؤنسلز (Regional Economic Development Councils) اور ریاستی آئیکونک سیاحتی برانڈ "I LOVE NY" کی نگرانی کرنے والی بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov. ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418